BE ALWAYS ONE STEP AHEAD WITH EXAM SOLUTIONS

پریکٹس ورک شیٹس

برائے جماعت چہارم

مضمون : اردو

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

exam solutions
BE ALWAYS ONE STEP AHEAD WITH EXAM SOLUTIONS

Exam Solutions

تفہیم

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

ٹریفک لائٹس کی اہمیت

شہر کی سڑکوں پر روزانہ ہزاروں گاڑیاں چلتی ہیں۔ اگر ان گاڑیوں کو چلانے کے لیے کوئی نظام نہ ہو تو جگہ جگہ حادثے ہو سکتے ہیں۔ اسی لیے ٹریفک لائٹس بہت اہم ہیں۔ ٹریفک لائٹس وہ بتیوں کا نظام ہے جو گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کو بتاتا ہے کہ کب چلنا ہے اور کب رکنا ہے۔ یہ لائٹس عام طور پر تین رنگوں میں ہوتی ہیں: سرخ، **پیلی**، اور سبز۔

جب **سرخ بتی** جلتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ گاڑیاں رک جائیں۔ **پیلی بتی** یہ اشارہ دیتی ہے کہ اب چلنے کی تیاری کریں، اور **سبز بتی** کا مطلب ہے کہ اب آپ جا سکتے ہیں۔ اگر لوگ ان اصولوں کی پابندی کریں تو سڑکوں پر نظم و ضبط قائم رہتا ہے اور حادثات سے بچا جا سکتا ہے۔

ٹریفک لائٹس صرف گاڑیوں کے لیے نہیں بلکہ پیدل چلنے والوں کے لیے بھی اہم ہیں۔ سڑک پار کرنے کے لیے خاص جگہ بنائی جاتی ہے جسے "زیبرا کراسنگ" کہا جاتا ہے۔ وہاں ایک چھوٹی سی بتی بھی ہوتی ہے جو لوگوں کو بتاتی ہے کہ کب سڑک پار کرنی ہے۔ اگر سب لوگ ان اصولوں پر عمل کریں تو شہر زیادہ محفوظ اور منظم ہو جائے گا۔

ہمیں چاہیے کہ ہمیشہ ٹریفک کے قوانین کی پابندی کریں، اپنی باری کا انتظار کریں، اور دوسروں کے لیے آسانی پیدا کریں۔ یہی ایک اچھے شہری کی پہچان ہے۔

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

پیراگراف کو پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

1. ٹریفک لائٹس کا کیا مقصد ہے؟

2. ٹریفک لائٹس کے کتنے رنگ ہوتے ہیں اور وہ کون سے ہیں؟

3. سرخ، پیلی، اور سبز بتی کا کیا مطلب ہے؟

4. زیبرا کراسنگ کیا ہے؟

5. ٹریفک لائٹس پیدل چلنے والوں کے لیے کیوں اہم ہیں؟

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

6. اگر ٹریفک لائٹس نہ ہوں تو کیا ہو سکتا ہے؟

7. آپ کے خیال میں ٹریفک قوانین پر عمل کرنا کیوں ضروری ہے؟

مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

الفاظ	جملے
پابندی	
نظم و ضبط	
حادثات	
قوانین	
زیبرا کراسنگ	

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

Exam Solutions

Exam Solutions

گرامر

فہرست

1 اسم

2 فعل

3 حرف

4 اسم نکرہ

5 اسم معرفہ

6 اسم صفت

7 اسم موصوف

8 فعل کے زمانے

9 رموزواوقاف

10 بے ترتیب جملے

11 نامکمل جملے

12 اردو گنتی

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

س) دیے گئے جملوں میں سے اسم اور فعل الگ الگ کریں۔

نمبر#	جملے	اسم	فعل
1	علی کو سردی محسوس ہو رہی ہے۔		
2	بلی دودھ پی رہی ہے۔		
3	اپنے دوستوں سے نفرت نہ کرو۔		
4	علی نے کپڑے پہن لیئے۔		
5	وہ روزانہ اخبار پڑھتا ہے۔		
6	چڑیا ہوا میں اڑ رہی ہے۔		
7	کتا بھونک رہا ہے۔		
8	لڑکی نے کتاب پڑھی۔		
9	امی سو رہی ہیں۔		
10	میرا بھائی سکول جاتا ہے۔		
11	کوا دیوار پر بیٹھا ہے۔		
12	ڈاکٹر کو بلاؤ۔		

Exam Solutions

عنوان: اسم نکرہ اور اسم معرفہ

س) دیے گئے پیراگراف سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ تلاش کریں اور لکھیں۔

میرا ملک پاکستان ہے۔ اس ملک کو قائد اعظم نے بنایا۔ اس کے شہر بہت خوبصورت ہیں۔ کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور بڑے بڑے شہر ہیں۔ اس میں پانچ دریا بہتے ہیں۔ دنیا کی دوسری بڑی چوٹی کے ٹو اس ملک میں واقع ہے۔ اسلام آباد اس ملک کا دار لحکومت ہے۔ لاہور میں بادشاہی مسجد، شاہی قلعہ، سالامار باغ دیکھنے کی جگہیں ہیں۔ یہاں خوبصورت اور بڑے بڑے باغات ہیں۔ یہ زرعی ملک ہے۔ مجھے اپنا ملک بہت پسند ہے۔

اسم معرفہ	اسم نکرہ

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

نیچے دیے گئے جملوں میں سے اسم مَوصُوف کو پہچان کر اس کے نیچے لکیر کھینچیں۔

1 خوبصورت باغ میں رنگ برنگے پھول کھلے ہیں۔

2 پرانی عمارت بہت مضبوط ہے۔

3 ہنسی خوشی بچے کھیل رہے ہیں۔

4 نرم بستر پر آرام کرنا اچھا لگتا ہے۔

5 لمبا درخت بہت سایہ دار ہے۔

نیچے دیے گئے جملوں میں مناسب اسم صفت لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

1	میری بلی بہت---------ہے۔	
2	---------- ہوا چل رہی ہے۔	
3	---------آم سب کو پسند آتا ہے۔	
4	--------- پہاڑ بہت خوبصورت لگتے ہیں۔	
5	دریا------------بہہ رہا ہے۔	

دیے گئے اسم صفت اور اسم موصُوف کا استعمال کرتے ہوئے جملے بنائیں۔

سرخ گلاب :--

میٹھا پانی :--

روشن چاند :--

بہادر سپاہی :--

نرم گھاس :--

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

Exam Solutions

نیچے دیے گئے جملوں میں خالی جگہ پر درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کریں۔

1 کیا تمہیں پتہ ہے ______ (؟،!)

2 علی بولا ______ "مجھے کھیلنا پسند ہے" (۔،:"")

3 واہ ______ یہ کتنی خوبصورت جگہ ہے (؟،!)

4 ہم نے دودھ ______ دہی ______ اور انڈے خریدے (:،۔)

5 اُستاد نے کہا ______ محنت کامیابی کی کنجی ہے (؟،:"")

درج ذیل جملوں کو صحیح رموزِ اوقاف لگا کر درست کریں۔

1 کیا تم نے اپنا کام مکمل کر لیا

2 زبیر نے کہا میں دوپہر کو بازار جاؤں گا

3 سبحان اللہ کیا خوبصورت منظر ہے

4 ہمیں وقت پر اسکول پہنچنا چاہیے

5 اُستاد نے کہا محنت کامیابی کی کنجی ہے

درج ذیل جملوں میں جہاں ضروری ہو وہاں سکتہ (،) لگائیں۔

1۔ علی احمد حسن اور زبیر پارک میں کھیلنے گئے۔

2۔ ماں نے کہا بازار سے دودھ دہی سبزی اور پھل لے آؤ۔

3۔ پاکستان بھارت چین ایران اور ترکی ایشیا کے ممالک ہیں۔

4۔ بارش شروع ہو گئی میں نے چھتری کھولی اور گھر کی طرف دوڑ پڑا۔

5۔ کلاس میں خاموشی سے بیٹھو استاد نے کہا۔

Exam Solutions

س) مندرجہ ذیل بے ترتیب سے جملوں کو ترتیب دے کر لکھیں۔

1. گئیں۔ جھاڑی۔ لڑکیاں۔ کے۔ پیچھے۔ چھپ

2. ہوتے۔ چڑیاں۔ گھر۔ میں۔ کے قسم۔ جانور کئی۔ ہیں

3. ہے۔ امی۔ بازار۔ بدھ۔ کے۔ کو۔ حامد۔ ساتھ۔ جاتا

4. ہوتی۔ کو۔ اتوار۔ چھٹی۔ ہے۔ میری

5. برفی۔ نے۔ ناناجان۔ دی۔ کو۔ سیما

6. کروں۔ میں۔ حفاظت - گا۔ لوگوں۔ کی

7. بنوں۔ میں۔ ہو۔ بڑی۔ ڈاکٹر۔ گی۔ کر

8. جوتے رکھے۔ احمد - اتار۔ الماری کر۔ میں نے

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

Exam Solutions

مندرجہ ذیل نامکمل جملوں کو مکمل کریں۔

1. آج میں نے صبح سویرے ________________________

2. آج امی نے مزیدار ________________________

3. جب استاد کلاس میں آئے تو سب بچے ________________________

4. میں اسکول دیر سے پہنچا کیونکہ ________________________

5. بارش کی وجہ سے سڑکوں پر ________________________

6. میں گرمی کے موسم میں ________________________

7. آج آسمان پر بہت ________________________

8. میری بلی میاؤں میاؤں ________________________

9. کل میں بازار گیا کیونکہ ________________________

10. ابو جان نے مجھے بازار سے ________________________

11. میں نے نیا بستہ خریدا کیونکہ ________________________

12. سردی کی وجہ سے مجھے ________________________

13. میں روزانہ پانچ وقت ________________________

14. پھل اور سبزیاں صحت کے لیے ________________________

15. محنت کرنے سے ________________________

16. مجھے کل بخار تھا اس وجہ سے ________________________

17. میں امتحانات میں اچھے نمبروں سے ________________________

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

مندرجہ ذیل جملوں میں لکھے گئے ہندسوں کو لفظی گنتی میں تبدیل کر کے جملے دوبارہ لکھیں۔

1. میرے پاس 8 جوتے ہیں۔

---

2. پاکستان میں 5 دریا ہیں۔

---

3. آج میں نے ناشتے میں 2 انڈے کھائے۔

---

4. میرے گھر میں 4 کمرے ہیں۔

---

5. میرے اسکول میں 15 اساتذہ ہیں۔

---

6. میری بہن کی عمر 12 سال ہے۔

---

7. میرے گھر میں آم کے 7 درخت ہیں۔

Exam Solutions

آپ بیتی

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

آپ بیتی کا نمونہ

کتاب کی آپ بیتی

میرا نام "میری کہانی" ہے، اور میں ایک کتاب ہوں۔ میں آج آپ کو اپنی زندگی کی کہانی سنانے آئی ہوں۔

میری ابتدا ایک کاغذ کی فیکٹری سے ہوئی۔ بہت سارے درختوں کی لکڑی سے کاغذ بنایا گیا، پھر مجھے چھاپہ خانے میں لے جایا گیا۔ وہاں میرے اوپر خوبصورت تصویریں اور دل چسپ کہانیاں چھاپی گئیں۔ جب میں تیار ہوئی تو مجھے ایک رنگین کور پہنایا گیا۔ میں بہت خوش تھی، کیونکہ اب میں بالکل نئی اور خوب صورت نظر آ رہی تھی۔

ایک دن مجھے ایک بڑے اسٹور میں رکھ دیا گیا۔ بہت سارے بچے اور بڑے مجھے دیکھتے تھے۔ میں چاہتی تھی کہ کوئی مجھے گھر لے جائے، مجھے پڑھے اور میری باتیں سنے۔ کچھ دن بعد ایک چھوٹے سے بچے نے مجھے اٹھایا۔ اُس کی آنکھوں میں خوشی چمک رہی تھی۔ اس نے مجھے خرید لیا اور میں نئے گھر چلی گئی۔

گھر پہنچ کر بچے نے مجھے بہت پیار سے کھولا اور میری کہانیاں پڑھنا شروع کیں۔ میں بہت خوش ہوئی، کیونکہ میری اصل خوشی تب ہی ہوتی ہے جب کوئی مجھے پڑھے اور کچھ نیا سیکھے۔ وہ بچہ مجھے اسکول بھی لے جاتا، اپنے دوستوں کو میری تصویریں اور کہانیاں دکھاتا۔ میں سب کی پسندیدہ کتاب بن گئی۔

کبھی کبھی میں تھوڑی پرانی ہو جاتی، میرے صفحے مڑ جاتے، مگر وہ بچہ پھر بھی مجھے سنبھال کر رکھتا۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے کئی بچوں کو نئی باتیں سکھائیں، ان کا وقت خوشگوار بنایا اور انہیں نئے نئے خواب دیے۔

میری خواہش ہے کہ ہر کتاب کی طرح مجھے بھی ہمیشہ پیار اور حفاظت سے رکھا جائے، کیونکہ ہم کتابیں ہی آپ کو علم اور کہانیاں دیتی ہیں۔

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

ایک بجلی کے بلب کی آپ بیتی لکھیں۔

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

خط نویسی

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

خط کا نمونہ

اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر ان کی صحت کے بارے میں دریافت کریں۔

کمرہ امتحان،

شہر ا۔ب۔ج،

بدھ 5، مئی 2025

میرے پیارے ابو جان!

السلام وعلیکم!

پچھلے دنوں امی جان کا خط ملا انھوں نے بتایا کہ آپ کی طبعیت کچھ دنوں سے ٹھیک نہیں ہے آپ کو بخار اور نزلہ زکام ہو رہا ہے یہ سن کر مجھے بہت فکر ہوئی۔

ابو جان آپ اپنی صحت کا بہت خیال رکھیں کسی اچھے ڈاکٹر سے اپنا معائنہ کروائیں دوائیاں باقاعدگی سے کھائیں اور خوب آرام کریں اس کے ساتھ آپ اپنی خوراک کا بھی خاص خیال رکھیں تاکہ آپ جلد از جلد صحت یاب ہو سکیں۔

اگلے ہفتے میرے امتحانات ہیں جیسے ہی میں امتحانات سے فارغ ہوں گا / ہوں گی۔ تو میں آپ کو ملنے آؤں گا / آؤں گی۔ آپ اپنا بہت خیال رکھیں۔ اللہ آپ کو جلد صحت یاب کرے گھر میں سب کو سلام۔

فقط

آپ کا پیارا بیٹا

ا۔ب۔ج

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

Exam Solutions

چچا جان کو خط لکھ کر انہیں سالگرہ پر دیے گئے تحفے کا شکریہ ادا کریں۔

Exam Solutions

مضمون

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

Exam Solutions

مضمون کا نمونہ

صحت مند غذا کے فائدے

صحت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، اور صحت مند رہنے کے لیے ہمیں اچھی اور صاف غذا کھانی چاہیے۔ صحت مند غذا وہ ہوتی ہے جس میں پھل، سبزیاں، دودھ، دہی، اناج، دالیں اور صاف پانی شامل ہوں۔

پھل اور سبزیاں ہمیں وٹامنز دیتے ہیں جو جسم کو مضبوط بناتے ہیں۔ دودھ اور دہی ہماری ہڈیاں اور دانت مضبوط کرتے ہیں۔ دالیں اور اناج ہمیں توانائی دیتے ہیں تاکہ ہم کھیل سکیں، پڑھائی کر سکیں اور روزانہ کے کام آسانی سے کر سکیں۔ اگر ہم صحت مند کھانا کھائیں تو ہمارا جسم تندرست رہتا ہے اور ہم بیماریوں سے بھی بچتے ہیں۔ جو بچے صحت مند غذا کھاتے ہیں وہ چست، ہوشیار اور خوش رہتے ہیں۔ وہ اسکول میں اچھا کام کرتے ہیں اور کھیل میں بھی بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں۔ صحت مند کھانے سے ہماری جلد صاف ہے، نیند اچھی آتی ہے اور ہمارا مزاج بھی اچھا رہتا ہے۔ ہمیں روزانہ تازہ کھانا کھانا چاہیے اور بازاری چیزیں، چپس، کولڈ ڈرنک اور بہت زیادہ میٹھی چیزیں کم کھانی چاہئیں۔ زیادہ نقصان دہ کھانا کھانے سے ہم جلد بیمار ہو سکتے ہیں۔

ہمیں ہمیشہ صحت مند چیزیں کھانی چاہئیں تاکہ ہم ایک مضبوط، خوش اور کامیاب زندگی گزار سکیں اور بیماریوں سے بچ سکیں۔

Exam Solutions

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

مضر صحت کھانا کھانے کے نقصانات

+92 321 0004167

www.examsolutions.pk

examsolutionspk@gmail.com

Exam Solutions